علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی ادب (9403) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: صنف کسے کہتے ہیں؟ نیز بتائیں کہ کسی بھی دور کے حالات بدلنے سے شاعری اور نثر کی اصناف میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں؟ تفصیلی جواب لکھیں۔ (20)

سوال2: ناول کے بنیادی اجزا کون سے ہیں؟ نیز پاکستان بننے کے بعد کے اردو ناولوں میں اس دور کے سیاسی اور سماجی مسائل کو کس طرح دکھایا گیا؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔ (20)

سوال3: افسانے میں پلاٹ کی اہمیت کیا ہے؟ نیز قیام پاکستان کے بعد کے افسانوں نے ہجرت کے المیے اور نئے معاشرتی بحرانوں کو کس حد تک تکنیکی اور اسلوبیاتی سطح پر برتا؟ تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال4: ڈراما میں آراستگی سے کیا مراد ہے؟ نیز پاکستان بننے کے بعد لکھے جانے والے ڈراموں میں ہجرت کے دکھ اور نئے دور کے مسائل کو کس طرح پیش کیا گیا؟ (20)

سوال5: انشائیہ اپنے اسلوب میں عام مقالے یا مضمون سے کس طرح مختلف ہے، اور اس صنف میں مصنف کی داخلی شخصیت کا اظہار کن فنی پہلوؤں کے تحت ہوتا ہے؟ تفصیلی جواب لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال1: پاکستانی سفرنامے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ پرانے سفرناموں کے مقابلے میں جدید سفرناموں میں معلومات کے ساتھ ساتھ مصنف کے اپنے احساسات اور خیالات کو کتنی اہمیت دی جاتی ہے؟ (20)

سوال2: صنف غزل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ کیا قیام پاکستان کے بعد کی اردو غزل محض روایتی مضامین تک محدود رہی یا اس نے نئے سیاسی اور سماجی حقائق کو اپنے استعاراتی نظام کا حصہ بنایا؟ مثالوں سے واضح کریں۔ (20)

سوال3: نظم کی کتنی اقسام ہیں؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ پاکستان بننے کے بعد کی اردو نظم نے اپنے دور کے حالات اور عوامی جذبات کی صحیح عکاسی کی ہے؟ مثالیں دے کر بتائیں۔ (20)

سوال4: تنقید سے کیا مراد ہے؟ مختلف تنقیدی دبستان کون سے ہیں؟ (20)

سوال5: ایک اچھے ادب پارے کو سمجھنے اور پرکھنے کے لیے تنقید کیوں ضروری ہے؟ تنقید نگار کی بنیادی ذمہ داری کیا ہوتی ہے؟ تفصیلی جواب لکھیں۔ (20)